
NHS
Test and Trace

# آپ کا قدم بہ قدم رہنما برائے ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)


**انتباہ** دیگر ٹیسٹ کٹس کے اجزاء کو نہ ملائیں

**شروع کرنے سے پہلے اس پورے رہنما کو دھیان سے پڑھیں۔**
یہ ٹیسٹ ان دیگر ٹسٹوں سے مختلف ہوسکتا ہے جو آپ نے پہلے استعمال کیے ہیں۔

## صرف ناک کا ٹیسٹ




1. دونوں نتھنوں سے سویب لیں
2. نمونے پر کارروائی کریں
3. انتظار کریں
4. نتیجے سویب لیں
5. رپورٹ کریں




یہ ہدایات صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، پروڈکٹ کوڈ: L031-118Y5 سے متعلق ہیں۔

یہ رہنما وضاحت کے ساتھ بتاتا ہے کہ COVID-19 کے مدنظر کس طرح خود کا یا دوسرے فرد کا ٹیسٹ کیا جائے، اور NHS کو نتائج کی رپورٹ کی جائے۔ متبادل زبان کے ورژن بشمول ویلش اور ویڈیو مظاہرے درج ذیل پر دستیاب ہیں **gov.uk/covid19-self-test-help**

# آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے

## آپ کا قدم بہ قدم رہنما

ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ) COVID-19 کا پتہ لگانے کے لیے ایک تیز رفتار جانچ ہے جس میں صارفین اپنی ناک سے اپنے سویب کا نمونہ لیتے ہیں۔

یہ صرف از خود ٹیسٹنگ اور *ان وٹرو* تشخیصی استعمال کے لیے ہے۔

ہدایات کو پڑھیں اور درست ترتیب میں اقدامات پر عمل کریں۔

## آپ کو از خود ٹیسٹ کیوں کرنا چاہیے

یہ COVID-19 از خود ٹیسٹ کٹ ناک کے لیے ایک سویب ٹیسٹ ہے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا آپ متعدی ہیں۔ یہ آپ کو بتا سکتا ہے کہ آیا آپ کو وائرس ہے، چاہے آپ میں کوئی علامات نہ ہوں۔ تاہم، آپ کو یہ معلوم کرنے کے لیے قومی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے کہ آپ کے لیے کس قسم کا ٹیسٹ درست ہے۔

## اس کتابچے کے اندر


| | |
|---|---|
| آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے | 2 |
| رہنمائی اور اسٹوریج | 3 |
| اس ٹیسٹ کے بارے میں | 4 |
| اپنے ٹیسٹ کی جگہ تیار کریں | 5 |
| اپنی کٹ کے مشمولات کی جانچ کریں | 6 |
| اپنا ٹیسٹ ترتیب دیں | 7 |
| کسی دوسرے پر ٹیسٹ کرنا | 8 |
| اپنے سویب کا نمونہ لیں | 9 |
| سویب کے نمونے پر کارروائی کریں | 10 |
| اپنا نتیجہ پڑھیں | 12 |
| اپنے نتیجے کی رپورٹ کریں | 14 |

# رہنمائی اور اسٹوریج

| **انتباہ** | اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنے ٹیسٹ کو الگ سے اسٹور کریں تاکہ اجزاء مخلوط نہ ہوں۔ ایک ٹیسٹ کی قسم کا مائع دوسرے ٹیسٹ پر کام نہیں کرے گا۔ |
|---|---|

- اگر آپ نے ناک چھدوایا ہے تو سویب لینے سے پہلے پیئرسنگ کو ہٹا دیں۔
- سویب لینے کے دوران اگر آپ کو ناک سے جریان خون کا سامنا ہوتا ہے تو، براہ کرم سویب لینا روک دیں۔ سویب کو استعمال نہیں کیا جا سکتا اور آپ کو دوبارہ شروع کرنے کی ضرورت ہوگی۔
- مصنوعہ کو قدرتی ربڑ لیٹیکس کے ساتھ نہیں بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس بات کا امکان ہے کہ نقل و حمل یا ہینڈلنگ کے عمل کے دوران نشانات ظاہر ہوسکتے ہیں۔
- اس علاقے میں نہ کھائیں، نہ پیئیں یا سگریٹ نوشی نہ کریں جہاں نمونے یا کٹس سنبھالے جاتے ہیں۔
- اگر کوئی حصہ خراب ہوگیا ہے تو ٹیسٹ استعمال مت کریں۔
- تمام استعمال شدہ ٹیسٹ کے سامانوں کو گھریلو کچرے میں محفوظ طریقے سے ضائع کیا جانا چاہیے۔
- استعمال سے پہلے اور بعد میں ہاتھوں کو اچھی طرح دھو لیں۔
- ان نمونوں کا استعمال کرنے سے گریز کریں جن میں خون لگا ہو۔
- ہاتھ اور بینائی کے مسائل میں مبتلا لوگوں کو سویب لینے اور ٹیسٹ کرنے کے عمل میں اعانت مطلوب ہو سکتی ہے۔
- ناک کے سویب کا نمونہ لینے سے پہلے کم از کم 30 منٹ تک ناک کے اسپرے کا استعمال نہ کریں۔

## اسٹوریج اور سنبھالنا

- ٹیسٹ کٹ کو بچوں اور جانوروں کی پہنچ سے دور اسٹور کریں۔
- ٹیسٹ کٹ کو 2 - 30 °C کے درمیان کے درجہ حرارت پر اسٹور کیا جانا چاہئے۔ منجمد مت کریں۔
- مہر بند پاؤچ پر پرنٹ شدہ اختتامی تاریخ کے بعد ٹیسٹ کا استعمال نہ کریں۔
- ٹیسٹ کو 15 - 30 °C درجہ حرارت کی حد پر انجام دیا جانا چاہئے۔

**اپنی ٹیسٹ کٹ بحفاظت ضائع کریں۔**
آپ کا ٹیسٹ مکمل ہو جانے پر، استعمال شدہ کٹ کے تمام مواد اپنے عمومی گھریلو کچرے میں ڈالیں۔ تلف کرنے کے بعد اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔

# اس ٹیسٹ کے بارے میں

## یہ ٹیسٹ کس کے لیے موزوں ہے



**بالغ افراد 18 سال اور اس سے زیادہ عمر والے**

اگر ضرورت ہو تو اعانت لے کر، از خود ٹیسٹ کریں اور رپورٹ کریں۔



**جوان 12 – 17 سال کی عمر والے**

بالغ کی نگرانی میں از خود ٹیسٹ کریں اور رپورٹ کریں۔ اگر ضروری ہو تو بالغ فرد ٹیسٹ انجام دے سکتا ہے۔



**بچے**

ٹیسٹ کسی بالغ فرد کے ذریعہ کیا جانا چاہیے۔ اگر بچے کا ٹیسٹ کرنے میں آپ کو اعتماد محسوس نہیں ہوتا ہو تو یہ ٹیسٹ مت کریں۔

## اگر آپ میں COVID-19 کی نئی علامات ظاہر ہوتی ہیں تو

انتہائی تازہ ترین مشورے کے لیے **nhs.uk/coronavirus** کو ملاحظہ کریں۔

**موجودہ شفارش شدہ ٹیسٹ کا بندوبست کریں:**

**gov.uk/get-coronavirus-test** کو ملاحظہ کریں یا **119** ڈائل کرکے کسٹمر رابطہ مرکز کو کال کریں۔ لائنیں روزانہ، 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں، (موبائل اور لینڈ لائنوں سے کال کرنے کے لیے مفت)۔

**اگر آپ کو فکر لاحق ہو تو مدد حاصل کرنے میں تاخیر مت کریں۔ اپنے وجدان پر بھروسہ کریں۔**

**انتباہ**




**اگر آپ اپنی علامات کے بارے میں فکر مند ہیں،**
یا اگر آپ کی علامات مزید خراب ہوگئی ہیں تو GP سے رابطہ کریں، **111.nhs.uk** پر **111** NHS آن لائن سروس کو ملاحظہ کریں یا کسی سے براہ راست بات کرنے کے لیے **111** پر کال کریں۔

طبی ایمرجنسی کے لیے فورا **999** ڈائل کریں۔

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے

# اپنے ٹیسٹ کی جگہ تیار کریں

**آپ کو ضرورت ہوگی:** ایک ٹائمر جیسے کہ گھڑی، دیوار گھڑی یا موبائل ڈیوائس، ٹشوز، سطح کی صفائی والا مواد، ہینڈ سینیٹائزر یا صابن اور گرم پانی۔



**1** اس ہدایاتی رہنما کو بغور پڑھیں۔ اگر آپ کو مزید مدد کی ضرورت ہو تو سویب ٹیسٹ کی ویڈیو آن لائن دیکھیں:
**gov.uk/covid19-self-test-help**



**2** ٹیسٹ شروع کرنے سے عین قبل، ٹیسٹ کٹ کو رکھنے کے لیے ایک سپاٹ سطح کی صفائی کریں اور خشک کریں۔




**3** صابن اور گرم پانی یا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کر کے، 20 سیکنڈ تک اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔

اگر ایک سے زیادہ ٹیسٹ کر رہے ہیں تو، ہر ٹیسٹ کے بیچ میں سطح کو صاف کریں اور اپنے ہاتھوں کو دوبارہ دھوئیں۔

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flowflex™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے


# اپنی کٹ کے مشمولات کی جانچ کریں

**انتباہ**


دیگر ٹیسٹ کٹس کے اجزاء کو نہ ملائیں

## آپ کے ٹیسٹ باکس میں درج ذیل اشیاء ہونی چاہئیں:

**1x**
استخراجی بفر ٹیوب ہولڈر سوراخ والا باکس




**7x**
فضلہ والا بیگ




**7x**
مہر بند ریپر کے اندر قابل تلف سویب



**7x**
مہر بند پیک میں ٹیسٹ کیسٹ



**7x**
استخراجی بفر ٹیوب



**مشورہ**




**اپنی ٹیسٹ کٹ کے بارے میں رائے دیں یا نقصان کی اطلاع دیں**

اگر آپ کی ٹیسٹ کٹ کا کوئی حصہ خراب یا غائب ہے، تو اس ٹیسٹ کٹ کا استعمال نہ کریں۔ آپ اب بھی پیک میں دیگر ٹیسٹ کٹس استعمال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو اس ٹیسٹ کٹ کے استعمال سے کوئی نقصان پہنچا ہے یا آپ کو کوئی ردعمل ہوا ہے، تو براہ کرم اس کی اطلاع دیں۔ اپنی ٹیسٹ کٹ کے بارے میں رائے دینے کے لیے، یا یہ اطلاع دینے کے لیے کہ آپ کو نقصان پہنچا ہے، تو ملاحظہ کریں:
**gov.uk/covid-19-test-feedback**

یا **119** پر کال کریں (موبائل اور لینڈ لائنوں سے مفت)۔
لائنیں روزانہ، 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں۔
**119**، 200 زبانوں نیز برطانوی اشاراتی زبان میں تعاون پیش کرتے ہیں۔


یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے

# اپنا ٹیسٹ ترتیب دیں

| اہم | مہر بند پیک پر پرنٹ شدہ اختتامی تاریخ ( ⌛ ) کی جانچ کریں۔<br>ٹیسٹ ڈیوائس کو اس کی اختتامی تاریخ کے بعد استعمال نہ کریں۔ |
| --- | --- |


**4** ٹیسٹ کیسٹ کو مہر بند پاؤچ سے باہر نکالیں اور صاف سپاٹ سطح پر اسے رکھیں۔

**انتباہ** کھل جانے پر، 30 منٹ کے اندر ٹیسٹ شروع کر دیں۔





**5** استخراجی بفر ٹیوب کو اپنے چہرے سے دور رکھیں، کوئی مائع چھلکنے سے بچنے کے لیے ٹیوب پر سیل والی فلم کو آہستگی سے ادھیڑیں۔

**انتباہ** اگر استخراجی بفر ٹیوب میں موجود سیال جلد پر یا آنکھوں میں پڑ جاتا ہے تو، فوری طور پر دھوئیں اور اگر ضروری ہو تو طبی مدد حاصل کریں۔





**6** بفر کے چھلکنے سے بچنے کے لیے استخراجی بفر ٹیوب کو استخراجی بفر ٹیوب کے ہولڈر میں داخل کریں۔



**7** مہر بند ریپر میں قابل تلف سویب کو تلاش کریں اور نرم، فیبرک والے سرے کی پہچان کریں۔

سویب پیکیجنگ کو صرف اسی وقت ادھیڑ کر کھولیں جب آپ استعمال کرنے کے لیے تیار ہوں۔ سویب کو آرام سے باہر نکالیں۔




**8** فیبرک والے سرے کو نہ چھوئیں۔

**انتباہ** سویب کے نرم، فیبرک والے سرے کو کبھی بھی نہ چھوئیں ورنہ آپ کو نئے سویب کے ساتھ دوبارہ شروع کرنے کی ضرورت ہوگی۔




یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے

# کسی دوسرے پر ٹیسٹ کرنا



## اگر 12 سال سے کم عمر کے بچوں کا ٹیسٹ کر رہے ہیں

تو 12 سال سے کم عمر کے بچوں کا ٹیسٹ کسی بالغ فرد کے ذریعہ کیا جانا چاہیے۔ کوئی بچہ یا شخص جس کو مدد کی ضرورت ہے اس کی تیاری کرنے اور ٹیسٹ کرنے کے طریقے سے متعلق ہدایات پر عمل کریں۔ آپ ایک نمائشی ویڈیو اس پر دیکھ سکتے ہیں: **gov.uk/covid19-self-test-help**




**اگر آپ کسی بچے کا ٹیسٹ کر رہے ہیں،** ان کو ٹیسٹ کٹ دکھائیں اور ان سے بات کریں کہ آپ کیا کرنے جا رہے ہیں۔ اگر ممکن ہو تو، انہیں کسی کی گود میں بٹھائیں یا کسی سے ان کے ہاتھوں کو پکڑوائیں۔ ایک ٹشو میں بچے سے اپنی ناک صاف کرنے کے لیے کہیں۔
ٹشو کو ایک کوڑے دان میں ڈال دیں، پھر صابن اور گرم پانی، یا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کر کے، **20 سیکنڈ،** تک اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔

**9** سویب کے فیبرک والے سرے کو آرام سے ان کے نتھنوں میں سے ایک میں ڈالیں یہاں تک کہ آپ کو کچھ مزاحمت محسوس ہو۔



**10** نتھنے کے اندرون کے سامنے رگڑتے ہوئے سویب کو 5 بار گھمائیں۔





**11** سویب کو نکال دیں اور اسی سویب کو دوسرے نتھنے میں داخل کریں۔ مرحلہ 9 اور مرحلہ 10 دہرائیں۔




یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجن ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے

# اپنے سویب کا نمونہ لیں

| مشورہ | بہترین کارکردگی کے لیے، اپنے نتھنوں کو سویب کرنے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو قابل تلف سویب کو استخراجی بفر ٹیوب کے اندر ڈال دیں۔ |
|---|---|



ٹشو میں آہستگی سے اپنی ناک صاف کریں۔ ٹشو کو ایک کوڑے دان میں ڈال دیں، پھر صابن اور گرم پانی، یا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کر کے، **20 سیکنڈ** تک اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔

**12** سویب کے مکمل فیبرک والے سرے کو ایک نتھنے میں داخل کریں۔ ہلکے گھماؤ کا استعمال کرتے ہوئے، سویب کو نتھنے کے کنارے سے 2.5 سینٹی میٹر سے کم دھکیلیں۔

یہ تکلیف دہ محسوس ہوسکتا ہے۔ اگر آپ تیز مزاحمت یا درد محسوس کریں تو سویب کو گہرائی تک مت داخل کریں۔




**13** نتھنے کے اندرون کے سامنے رگڑتے ہوئے سویب کو 5 بار گھمائیں۔

**14** سویب کو نکال دیں اور اسی سویب کو دوسرے نتھنے میں داخل کریں۔ مرحلہ 12 اور مرحلہ 13 دہرائیں۔





یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flowflex™ SARS-CoV-2 اینٹیجن ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے

# سویب کے نمونے پر کارروائی کریں


**انتباہ** ٹیسٹ کو 30 منٹ سے زیادہ دیر تک تیار ہونے کے لیے مت چھوڑیں کیونکہ اس سے نتیجہ غلط ہو جائے گا۔

30 منٹ


**15** استخراجی بفر ٹیوب لیں اور سویب کے فیبرک والے سرے کو ٹیوب کے اندر ڈالیں تاکہ یہ مائع کے اندر ہو۔ اسے 30 سیکنڈ تک ٹیوب کے گرد گھماتے ہوئے استخراجی بفر ٹیوب کے مخالف کنارے سے سرے کو زور سے دبائیں۔
بہترین کارکردگی کے لیے، اپنے نتھنوں کو سویب کرنے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو سویب کو استخراجی بفر ٹیوب کے اندر ڈال دیں۔





**16** ٹیوب کے بغل کو دباتے ہوئے سویب کو 5 بار گھمائیں۔
یہ آپ کا نمونہ مائع میں منتقل کرنے کے لیے ہے۔





**17** جب آپ اسے نکالیں تو استخراجی بفر ٹیوب کو سویب کے مخالف دبائیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ نے سویب کے نرم سرے سے تمام مائع کو نکال لیا ہے۔
سویب کو فراہم کردہ فضلہ والے بیگ میں رکھیں۔




**18** ڈراپر کے سرے کو استخراجی بفر ٹیوب پر مضبوطی سے منسلک کریں۔ ٹیوب کے نچلے حصے کو ہلا کر یا جھٹکا دیکر کر اچھی طرح ملائیں۔




**19** یقینی بنائیں کہ ٹیسٹ کٹ صاف اور سپاٹ سطح پر ہو۔
ٹیسٹ کے دوران کیسٹ کو نہ ہلائیں۔




**20** استخراجی بفر ٹیوب کو آرام سے دبا کر مائع کے 4 قطرے ٹیسٹ کیسٹ پر اسپیسیمین ویل (S) کے اندر ڈالیں۔
یقینی بنائیں کہ آپ ہوا کا بلبلہ نہیں بلکہ، مائع ٹپکا رہے ہیں۔
استخراجی بفر ٹیوب کو فضلہ والے بیگ میں ڈالیں۔





**21** وقت کی جانچ کریں اور ٹائمر سیٹ کریں۔ اپنا نتیجہ پڑھنے سے قبل 15 منٹ انتظار کریں۔
جب ٹائمر 15-30 منٹ تک پہنچ جائے تو نتیجہ پڑھیں۔
30 منٹ کے بعد نہ پڑھیں۔





یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے

# اپنا نتیجہ پڑھیں

## اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت ہے




**دو لکیریں نمودار ہوں گی۔**
ایک رنگین لکیر کنٹرول لائن والے حصہ (**C**) میں ہونی چاہیے، اور دوسری رنگین لکیر ٹیسٹ لائن والے حصہ (**T**) میں ہونی چاہیے۔




دو لائنیں، ایک **C** سے آگے اور ایک **T** سے آگے، حتی کہ دھندلی لائنیں ظاہر کرتی ہیں کہ ٹیسٹ مثبت ہے۔

اگر آپ مثبت نتیجہ حاصل کرتے ہیں، تو آپ انتہائی متعدی ہوسکتے ہیں۔

### آگے کیا کریں:

- گھر پر رہنے اور دوسرے لوگوں کے ساتھ رابطے سے گریز کرنے والے مشورے پر عمل کریں **nhs.uk/stay-at-home**
- اپنے نتائج کی اطلاع دیں (صفحہ 14 دیکھیں اور ہدایات پر عمل کریں)۔ نتائج کی اطلاع دینے والی خدمت آپ کو سب سے تازہ ترین رہنمائی فراہم کرے گی کہ آگے کیا کرنا ہے۔
- اگر آپ کر سکتے ہیں تو اپنے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کے بارے میں ان لوگوں کو بتائیں جن کے ساتھ آپ قریبی رابطے میں رہے ہیں۔


### آپ کے گھر میں موجود دوسرے لوگوں کو کیا کرنے کی ضرورت ہے:

- جن لوگوں کے ساتھ آپ رہتے ہیں ان کو اس مشورے پر عمل کرنا چاہیے کہ COVID-19 کو ہونے اور پھیلنے سے کیسے روکا جائے، ملاحظہ کریں: **nhs.uk/stay-at-home**

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے

اپنے ٹیسٹ کے نتیجے کی رپورٹ کریں


## اگر آپ کا ٹیسٹ منفی ہے




ایک رنگین لکیر کنٹرول لائن والے حصہ (**C**) میں نمودار ہوتی ہے۔ ٹیسٹ لائن والے حصہ (**T**) میں کوئی لکیر نمودار نہیں ہوتی ہے۔ اگر آپ کا نتیجہ منفی آتا ہے، تو اس کا امکان ہے کہ آپ ٹیسٹ لیے جانے کے وقت متعدی نہیں تھے۔


تاہم، ٹیسٹ کا منفی نتیجہ اس بات کی ضمانت نہیں دیتا ہے کہ آپ کو COVID-19 نہیں ہے۔ آپ اور آپ کے گھر کے افراد کو اس مشورے پر عمل کرنا چاہیے کہ COVID-19 کو ہونے اور پھیلنے سے کیسے روکا جائے **nhs.uk/how-to-avoid-covid**

## باطل نتیجہ




**منفی اور باطل نتائج کی اطلاع دینے سے NHS کو استعمال شدہ ٹیسٹوں کی تعداد اور کیا ٹیسٹوں میں کوئی پریشانی ہوئی ہے اس کا پتہ لگانے میں مدد ملتی ہے۔**

کنٹرول لائن (**C**) ظاہر نہیں ہوتی ہے، یا صرف ایک سرخ بار (**T**) ظاہر ہوتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ ٹیسٹ باطل ہے۔




**اگر آپ کو باطل نتیجہ حاصل ہوتا ہے**، تو اس کا مطلب ہے کہ یہ بتانا ممکن نہیں ہے کہ ٹیسٹ کے وقت آپ کو وائرس تھا یا نہیں۔ یہ چیک کرنے کے لیے کہ آیا آپ کو کورونا وائرس ہے، جلد از جلد ایک اور ٹیسٹ کریں۔

**پہلے ٹیسٹ سے کسی بھی چیز** کا دوبارہ استعمال نہ کریں ، اور مرحلہ 1 سے ٹیسٹ کا طریقۂ کار شروع کریں۔


**اگر مسئلہ برقرار رہتا ہے تو**، ٹیسٹ کٹ کا استعمال فوری طور پر بند کر دیں۔ اگر آپ کے پاس دوسرا ٹیسٹ دستیاب نہیں ہے، تو آپ مختلف ٹیسٹ لے سکتے ہیں:

- **gov.uk/get-coronavirus-test** کو ملاحظہ کرتے ہوئے
- کسٹمر رابطہ مرکز کو **119** پر کال کرتے ہوئے۔
لائنیں روزانہ، 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک کھلی رہتی ہیں۔

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجین ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے

# اپنے نتیجے کی رپورٹ کریں

## آپ کو چاہیے کہ اپنے
## مثبت، منفی یا باطل نتیجے کی رپورٹ کریں




تمام ٹیسٹ کے نتائج کو ریکارڈ کرنے سے سائنس دانوں کو وائرس کی نئی ابتلاء کا پتہ لگانے اور اس پر جوابی اقدام کرنے کا طریقہ بتانے میں مدد ملتی ہے۔

اگر لوگ صرف مثبت نتیجے کی ہی رپورٹ کریں تو، کیسز کی سطحیں اس سے زیادہ نظر آتی ہیں جتنی واقعتاً وہ ہیں۔

لہذا یہاں تک کہ آپ کا نتیجہ **منفی** یا **باطل** ہو تو،
آپ NHS کی معلومات درست رہنے کو یقینی بنائیں گے۔

آپ کو اپنے نتیجے کی رپورٹ کرنے کے لیے **QR کوڈ** یا **ID نمبر** درکار ہوتا ہے۔

## اپنے ٹیسٹ کے نتیجے کی رپورٹ کریں

# اپنے نتیجے کی اطلاع کیسے دیں




### آن لائن رپورٹ کریں (جلد سے جلد)

اگر آپ انگلینڈ، ویلز یا شمالی آئرلینڈ میں رہتے ہیں تو
ملاحظہ کریں: **gov.uk/report-covid19-result**

اگر آپ **اسکاٹ لینڈ** میں رہتے ہیں تو ملاحظہ کریں:
covidtest.scot




### بذریعہ ٹیلیفون رپورٹ کریں

**119** پر کال کریں
لائنیں روزانہ، 7 بجے صبح سے 11 بجے رات تک
کھلی رہتی ہیں، (موبائل اور لینڈ لائنوں سے مفت)

---

## استعمال شدہ علامات

| علامت | معنی | علامت | معنی | علامت | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| | مینوفیکچرر | Σ | ‹n› ٹیسٹ کے لیے کافی ہے | 2°C – 30°C | درجہ حرارت کی حد |
| IVD | ان وٹرو تشخیصی میڈیکل ڈیوائس | | اختتامی تاریخ | | دوبارہ استعمال مت کریں |
| i | ہدایات برائے استعمال سے رجوع کریں | LOT | لاٹ نمبر | REF | کیٹلاگ نمبر |
| EC REP | یورپی کمیونٹی میں مجاز نمائندہ | | مینوفیکچر کی تاریخ | | خشک رکھیں |
| | اگر پیکیج خراب شدہ ہو تو استعمال مت کریں | STERILIZE 2 | دوبارہ جراثیم سے پاک مت کریں | | دھوپ سے دور رکھیں |
| STERILE EO | ایتھلین آکسائیڈ کا استعمال کر کے جراثیم سے پاک کیا ہوا | | ری سائیکل کے قابل | ! | انتباہ، براہ کرم ہدایت سے رجوع کریں |

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجن ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے

# آپ کا ٹیسٹ صرف اسی وقت مکمل ہوتا ہے، جب آپ نے اپنے نتیجے کی رپورٹ کر دی ہو



**اپنے نتیجے کی رپورٹ کریں**

اس ڈیوائس کی سپلائی صرف NHS ٹیسٹ اینڈ ٹریس پروگرام کے تحت یوکے ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی (UKHSA) کی تعیناتی کے حصے کے بطور اجازت ہے۔

**Flowflex™ SARS-CoV-2 اینٹیجن ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)**

***ACON* Biotech (Hangzhou) Co., Ltd.**
No.210 Zhenzhong Road, West Lake District, Hangzhou, P.R. China (چین), 310030

ویب سائٹ: www.aconbio.com
ای میل: COVID19selftest@aconlab.com.cn

EC REP
CE 0123
MedNet EC-REP GmbH
Borkstrasse 10
48163 Muenster, Germany (جرمنی)

**ڈسپوز ایبل سویب**

**Jiangsu Changfeng Medical Industry Co., Ltd.**
Touqiao Town, Guangling District, Yangzhou 225109, Jiangsu, P.R. China (چین)

EC REP
CE 0197
Llins Service & Consulting GmbH
Obere Seegasse 34/2, 69124
Heidelberg, Germany (جرمنی)

یا

**Jiangsu HanHeng Medical Technology Co., Ltd.**
16-B4, #1 North Qingyang Road, Tianning District, Changzhou, 213017 Jiangsu P.R. China (چین)

EC REP
CE 0197
Luxus Lebenswelt GmbH
Kochstr.1, 47877, Willich, Germany (جرمنی)

ورژن 1151414701   مؤثر تاریخ 2022-03-22
اس دستاویز میں موجود تمام معلومات اور تصاویر *ACON* Biotech (Hangzhou) Co., Ltd. Flowflex™ SARS-CoV-2 اینٹیجن ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، پروڈکٹ کوڈ: L031-118Y5.

یہ ہدایاتی کتابچہ صرف ACON Flow*flex*™ SARS-CoV-2 اینٹیجن ریپڈ ٹیسٹ (از خود ٹیسٹنگ)، L031-118Y5 کا حوالہ دیتا ہے